ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ **فون:۔ 021-99212639**

سندھ بھر میں رمضان المبارک کے دوران کم وبیش 55700 افسران وجوان سیکورٹی فرائض انجام دیں گے۔

رمضان المبارک سال 2019ء کنٹی جینسی پلان کے تحت سیکیورٹی میکنزم کو ہر لحاظ سے فول پروف بنایا جائے۔ (آئی جی سندھ)

کراچی 06 مئی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ہدایات جاری کی ہیں کہ ماہ صیام کے تینوں عشروں کے دوران پولیس سیکیورٹی میکنزم کے مجموعی اقدامات کو مربوط، موثر اور ٹھوس بناتے ہوئے ترتیب کردہ کنٹی جنسی پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے تا کہ عوام کی جان ومال کے تحفظ کے جملہ امور کو غیر معمولی بنایا جا سکے۔

کراچی پولیس کی رپورٹ کیمطابق ایسٹ، ویسٹ اور ساؤتھ میں کم وبیش 4215 مساجد/ نماز وتراویح/ محافل شبینہ/ کھلے مقامات پر دوران رمضان اضافی نفری کے علاوہ تقریباً 27000 پولیس افسران وجوان سیکیورٹی/ ٹریفک فرائض انجام دینگے۔ جبکہ 500 سے زائد موبائلوں اور 662 موٹر سائیکل سوار افسران وجوان اسنیپ چیکنگ، علاقہ پیٹرولنگ پر مامور کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ مجموعی ڈپلائمنٹ میں کراچی پولیس 19400 سے زائد جبکہ کراچی ٹریفک رینج کے تمام سیکٹرز میں کم وبیش پر 7380 سے زائد ٹریفک پولیس افسران وجوان شامل ہیں۔ علاوہ ازیں ٹریفک پولیس افسران وجوان خصوصی ہدایات کے تحت ماڑی پور روڈ سے لیاری ایکسپریس وے کو جانے والے روٹ پر اور دیگر شاہراہوں پر بھی ٹریفک انتظامات اور روانی کے اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔

حیدرآباد پولیس کی رپورٹ کیمطابق رمضان المبارک کے دوران کم وبیش 2108 مساجد/ تراویح کے کھلے مقامات ودیگر سیکیورٹی امور پر 11622 سے زائد افسران وجوان سیکیورٹی فرائض انجام دینگے جس میں 216 موبائل اور 169 موٹر سائیکل پر سوار نفری بھی شامل ہے۔

میرپورخاص کی رپورٹ کیمطابق رمضان کے دوران کم وبیش 660 مساجد/ تراویح کے کھلے مقامات پر 6106 کے قریب افسران وجوان سیکیورٹی فرائض انجام دے دینگے۔

شہید بینظیر آباد کی رپورٹ کیمطابق رمضان المبارک کے دوران 1542 مساجد/ تراویح کے کھلے مقامات ودیگر سیکیورٹی امور پر 4504 سے زائد افسران وجوان سیکیورٹی فرائض انجام دینگے جس میں موبائل اور موٹر سائیکل پر سوار نفری بھی شامل ہے۔

سکھر کی رپورٹ کیمطابق کم وبیش 605 مساجد/ تراویح کے کھلے مقامات پر 3661 کے قریب افسران وجوان سیکیورٹی فرائض انجام دینگے جس میں موبائل اور موٹر سائیکل پر سوار نفری بھی شامل ہے۔

لاڑکانہ کی رپورٹ کیمطابق رمضان کے دوران تقریباً 947 مساجد/ تراویح کے کھلے مقامات پر 10453 سے زائد افسران وجوان سیکیورٹی فرائض انجام دینگے جس میں 230 کے قریب موبائل اور 219 سے زائد موٹر سائیکل پر سوار نفری بھی شامل ہے۔

؛؛؛؛؛؛؛؛؛؛؛؛۔